روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 213029

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان C.P.L 61

جمعرات 14 مارچ 2002ء 29 ذوالحج 1422 ہجری - 14 امان 1381 ہش جلد 52-87 نمبر 59

## یادگار بیٹا

حضرت شاہ نعمت اللہ ولی مسیح موعود کے متعلق پیشگوئی کرتے ہوئے فرماتے ہیں:-

دور او چوں شود تمام بکام
پسرش یادگار مے بینم

جب اس کا زمانہ کامیابی کے ساتھ گزر جائے گا تو اس کے نمونہ پر اس کا بیٹا یادگار رہ جائے گا

(الاربعین فی احوال المہدیین شاہ اسماعیل شہید نومبر 1851 کلکتہ)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قریباً اٹھارہ برس سے ایک یہ پیشگوئی ہے- (-)- ترجمہ: وہ خدا سچا خدا ہے جس نے تمہارا دامادی کا تعلق ایک شریف قوم سے جو سید تھے کیا- اور خود تمہاری نسب کو شریف بنایا- جو فارسی خاندان اور سادات سے معجون مرکب ہے- اس پیشگوئی کو دوسرے الہامات میں اور بھی تصریح سے بیان کیا گیا ہے- یہاں تک کہ اس شہر کا نام بھی لیا گیا تھا جو دہلی ہے- اور یہ پیشگوئی بہت سے لوگوں کو سنائی گئی تھی- جن میں سے ایک شیخ حامد علی اور میاں جان محمد اور بعض دوسرے دوست ہیں- اور ایسا ہی ہندوؤں میں سے شرمپت اور ملاوامل کھتریان ساکنان قادیان کو قبل از وقت یہ پیشگوئی بتلائی گئی تھی- اور جیسا کہ لکھا تھا ایسا ہی ظہور میں آیا- کیونکہ بغیر سابق تعلقات قرابت اور رشتہ کے دہلی میں ایک شریف اور مشہور خاندان سیادت میں میری شادی ہوگئی- اور یہ خاندان خواجہ میر درد کی لڑکی کی اولاد میں سے ہے جو مشاہیر اکابر سادات دہلی میں سے ہے- جن کو سلطنت چغتائی کی طرف سے بہت سے دیہات بطور جاگیر عطا ہوئے تھے- اور اب تک اس جاگیر میں سے تقسیم ہوکر اس خاندان کے تمام لوگ جو خواجہ میر درد کے ورثاء ہیں اپنے اپنے حصے پاتے ہیں- اب ظاہر ہے کہ یہ خاندان دہلوی جس سے دامادی کا مجھے تعلق ہے- صرف اسی وجہ سے فضیلت نہیں رکھتا کہ وہ اہلبیت اور سندی سادات ہیں- بلکہ اس وجہ سے بھی فضیلت رکھتا ہے کہ یہ لوگ دختر زادہ خواجہ میر درد ہیں اور دہلی میں یہ خاندان سلطنت چغتائیہ کے زمانہ میں اپنی صحت نسب اور شہرت خاندان سیادت اور نجابت اور شرافت میں ایسا مشہور رہا ہے کہ اسی عظمت اور شہرت اور بزرگی خاندان سیادت کی وجہ سے بعض نوابوں نے ان کو لڑکیاں دیں- جیسا کہ ریاست لوہارو کا خاندان- غرض یہ خاندان اپنی ذاتی خوبیوں اور نجابتوں کی وجہ سے اور نیز خواجہ میر درد کی دختر زادگان ہونے کے باعث سے ایسی عظمت کی نگہ سے دہلی میں دیکھا جاتا تھا کہ گویا دہلی سے مراد انہی عزیزوں کا وجود تھا- سو چونکہ خدا تعالیٰ کا وعدہ تھا کہ میری نسل میں سے ایک بڑی بنیاد حمایت (دین) کی ڈالے گا- اور اس میں سے وہ شخص پیدا کرے گا- جو آسمانی روح اپنے اندر رکھتا ہوگا- اس لئے اس نے پسند کیا کہ اس خاندان کی لڑکی میرے نکاح میں لاوے اور اس سے وہ اولاد پیدا کرے جو ان نوروں کو جن کی میرے ہاتھ سے تخم ریزی ہوئی ہے دنیا میں زیادہ سے زیادہ پھیلاوے- اور یہ عجیب اتفاق ہے کہ جس طرح سادات کی دادی کا نام شہر بانو تھا- اسی طرح میری یہ بیوی جو آئندہ خاندان کی ماں ہوگی- اس کا نام نصرت جہاں بیگم ہے- یہ تفاول کے طور پر اس بات کی طرف اشارہ معلوم ہوتا ہے کہ خدا نے تمام جہان کی مدد کے لئے میرے آئندہ خاندان کی بنیاد ڈالی ہے- یہ خدا تعالیٰ کی عادت ہے کہ کبھی ناموں میں بھی اس کی پیشگوئی مخفی ہوتی ہے- سو اس میں وہ پیشگوئی مخفی ہے جس کی تصریح براہین احمدیہ کے صفحہ 490 و صفحہ 557 میں موجود ہے-

(تریاق القلوب - روحانی خزائن جلد 15 ص 272)

## جماعت احمدیہ زبان پاک کرنے کی مہم چلائے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ مورخہ 4- فروری 2000ء میں ارشاد فرمایا کہ:

''اللہ تعالیٰ کی تعلیم ہے کہ جھوٹے بتوں کو بھی گالیاں نہ دو حالانکہ ان کا کوئی وجود نہیں مگر نادان اور ان کے پوجنے والے غصہ میں آکر پھر خدا کو گالیاں دیں گے جس کی تمہیں گہری تکلیف پہنچے گی تو اپنے ماں باپ کو گالی دینے سے مراد یہی ہے کہ کسی دوسرے کے ماں باپ کو گالی دینا-

ہمارا معاشرہ خصوصاً پنجاب میں تو ایسا گند ہے کہ ہر وقت گالیاں دیتے ہیں چھوٹے چھوٹے بچے گلیوں میں اپنے ماں باپ کو بھی گالیاں دیتے پھرتے ہیں- اور ان کو پتہ ہی نہیں کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں نہایت غلیظ زبان استعمال کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ ہل چلانے والے زمیندار بیل کے ماں باپ کو بھی گالیاں دے رہے ہوتے ہیں تو اس گندے معاشرے سے ہمیں بہرحال باہر نکلنا ہے۔ جماعت احمدیہ ہے جو زبانوں کو پاک کرنے کی ایک تحریک چلائے اور گلی گلی سے سلام کی آوازیں تو اٹھیں مگر گالیاں اور بددعائیں نہ اٹھیں-''

(بحوالہ روزنامہ الفضل ربوہ 2 مئی 2000ء ص 3)

## نیکی کے کام میں حصہ لینے کا نادر موقع

شعبہ امداد طلباء سے اس وقت ان ضرورت مند طلباء و طالبات جو پرائمری' سیکنڈری اور کالج Level پر تعلیم حاصل کر رہے ہیں کی فیسوں' کتب وغیرہ کے سلسلہ میں ہر ممکنہ امداد بطور وظائف کی جاتی ہے-

گزشتہ دو تین سالوں میں فیسوں اور کتب و نوٹ بکس کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہونے کی وجہ سے اس شعبہ پر غیر معمولی بوجھ ہے- چونکہ یہ شعبہ مشروط بآمد ہے اس لئے

باقی صفحہ 7 پر

# دوسرا سالانہ اجتماع واقفین نو بیلجیئم

چودھری مقصود الرحمٰن صاحب سیکرٹری وقف نو

امسال واقفین نو کا سالانہ اجتماع 28 اکتوبر 2001ء کو بیت السلام برسلز میں منعقد ہوا- یہ بیلجیئم کے واقفین نو کا دوسرا سالانہ اجتماع تھا- واقفین بچے خدا کے فضل سے بروقت مشن ہاؤس پہنچنا شروع ہو گئے- صبح ساڑھے دس بجے رجسٹریشن کا آغاز ہوا- دور کے شہروں سے آنے والے بچوں کے لئے چائے وغیرہ کا انتظام موجود تھا- حسب پروگرام 11.00 بجے کارروائی شروع کر دی گئی- تلاوت اور نظم کے بعد امیر صاحب جماعت احمدیہ بیلجیئم محترم حامد محمود شاہ صاحب نے Carrier planning کے موضوع پر ایک بہت ہی مفید خطاب کیا- اس مختصر افتتاحی تقریب کے بعد علمی مقابلہ جات کا آغاز ہوا وقف نو کے نصاب کے مطابق نماز سادہ و باترجمہ- قرآن کریم ناظرہ- حفظ و ترجمہ- احادیث- نظم- دعاؤں اور اسماء الٰہی کے مقابلہ جات کا اہتمام کیا گیا تھا- اس کے علاوہ ورزشی مقابلوں کا بھی انتظام تھا- ان مقابلوں کے لئے بچوں کو عمر کے لحاظ سے دو حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا- بڑی عمر کی واقفات کو ہال کے عقبی حصہ میں بٹھانے کا انتظام تھا نیز خواتین کو ایک علیحدہ ہال میں بیٹھ کر اجتماع کی تمام کارروائی T.V پر Live دیکھنے کی سہولت مہیا کی گئی تھی- مقابلوں کے نتائج اور سخت مقابلے سے اندازہ ہو رہا تھا کہ بچوں نے خوب تیاری کر رکھی ہے- اس کے علاوہ اردو- فرنچ اور فلامش (ہالینڈ اور بیلجیئم میں بولے جانی والی زبان) میں تقریری مقابلے بھی تھے-

بچوں نے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم- سیرت مسیح موعود- ایفائے عہد اور اخوت کے موضوعات پر بہت عمدہ تقاریر تیار کر رکھی تھیں تقریباً شام چھ بجے اختتامی تقریب منعقد کی گئی- معیار کبیر کے واقفین میں روزینہ صبا- احمد جمال اور بلال اکبر جبکہ معیار صغیر کے واقفین میں سلطان احمد اور اسامہ احمد نمایاں رہے- جج کے فرائض محترم شیخ عطاء ربی صاحب' محترم مطیع اللہ درد صاحب' محترم ھمایوں بٹ صاحب اور خاکسار نے سر انجام دیئے تقاریر کی Judgement کے لئے فلامش میں شیخ عبدالباسط صاحب اور محترم مبشر احمد صاحب جبکہ فرنچ کے لئے آصف حامد صاحب کی خدمات سے استفادہ کیا گیا- ریکارڈنگ برائے MTA کے لئے امتیاز احمد صاحب' عدیل الرحمان صاحب اور ظہور الٰہی صاحب نے دن بھر خوب مستعدی سے کام کیا- اللہ تعالیٰ سبھی معاونین کو جزائے خیر دے- واقفین نو بیلجیئم کو بہترین خادم دین بنائے اور یہ سب خلیفہ وقت کے بہترین بازو ثابت ہوں- اللھم آمین

# احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

## جمعرات 14 / مارچ 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-35 a.m | عربی سروس |
| 1-35 a.m | مجلس سوال و جواب |
| 2-40 a.m | ہماری کائنات |
| 3-05 a.m | تقریر: عطاء المجیب راشد صاحب |
| 3-30 a.m | اطفال کی حضور سے ملاقات |
| 4-30 a.m | سفر بذریعہ ایم ٹی اے |
| 5-05 a.m | تلاوت- درس ملفوظات- خبریں |
| 6-00 a.m | چلڈرنز کارنر |
| 6-25 a.m | مجلس سوال و جواب |
| 7-30 a.m | ایم ٹی اے لائف سٹائل |
| 8-20 a.m | چلڈرنز کلاس (کینیڈا) |
| 9-30 a.m | کمپیوٹر سب کے لئے |
| 10-05 a.m | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 11-15 a.m | لقاء مع العرب |
| 12-30 p.m | سندھی سروس |
| 1-35 p.m | مجلس سوال و جواب (جرمن) |
| 2-45 p.m | دینی آداب |
| 3-15 p.m | انڈونیشین سروس |
| 5-05 p.m | تلاوت- درس ملفوظات- خبریں |
| 6-00 p.m | مجلس سوال و جواب |
| 6-55 p.m | بنگالی پروگرام |
| 8-00 p.m | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 9-10 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 9-35 p.m | ایم ٹی اے فرانس |
| 10-40 p.m | جرمن سروس |
| 11-40 p.m | لقاء مع العرب |

## جمعہ 15 / مارچ 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-45 a.m | عربی سروس |
| 1-45 a.m | مجلس سوال و جواب |
| 2-45 a.m | ایم ٹی اے لائف سٹائل |
| 3-30 a.m | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 4-35 a.m | سفر بذریعہ ایم ٹی اے |
| 5-05 a.m | تلاوت- درس حدیث- خبریں |
| 6-00 a.m | چلڈرنز کارنر |
| 6-30 a.m | مجلس عرفان |
| 7-30 a.m | ایم ٹی اے سپورٹس (کبڈی) |
| 8-20 a.m | ایم ٹی اے یو ایس اے |
| 9-20 a.m | سیرۃ النبیؐ |
| 10-05 a.m | ہومیوپیتھی کلاس |
| 11-15 a.m | لقاء مع العرب |
| 12-30 p.m | خطبہ جمعہ (سرائیکی ترجمہ کے ساتھ) |
| 1-35 p.m | مجلس عرفان |
| 2-45 p.m | روشنی کا سفر |
| 3-15 p.m | ایم ٹی اے یو ایس اے |
| 4-15 p.m | سفر بذریعہ ایم ٹی اے |
| 5-05 p.m | تلاوت- درس ملفوظات- خبریں |
| 6-00 p.m | خطبہ جمعہ (براہ راست) |
| 7-00 p.m | بنگالی ملاقات |
| 8-05p.m | خطبہ جمعہ (ریکارڈنگ) |
| 9-10 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 9-30 p.m | فرانسیسی سروس |
| 10-30 p.m | جرمن سروس |
| 11-35 p.m | لقاء مع العرب |

## ہفتہ 16 / مارچ 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-35a.m | عربی سروس |
| 1-35 a.m | مجلس عرفان |
| 2-30 a.m | خطبہ جمعہ (ریکارڈنگ) |
| 3-30 a.m | ہومیوپیتھی کلاس |
| 4-35 a.m | چلڈرنز کارنر |
| 5-05 a.m | تلاوت- درس حدیث- خبریں |
| 6-00 a.m | چلڈرنز کارنر |
| 6-25 a.m | مجلس سوال و جواب |
| 7-40 a.m | کہکشاں |
| 8-15 a.m | اردو کلاس |
| 9-25 a.m | فرانسیسی سیکھئے |
| 10-10 a.m | جرمن ملاقات |
| 11-15 a.m | لقاء مع العرب |
| 12-15 p.m | سفر ہم نے کیا |
| 12-35 p.m | ماریشین سروس |
| 1-35 p.m | درس القرآن |
| 3-15 p.m | انڈونیشین سروس |
| 4-15 p.m | تقریر |
| 5-05 p.m | تلاوت- خبریں |
| 6-00 p.m | اردو کلاس |
| 7-10 p.m | بنگالی پروگرام |
| 8-10 p.m | چلڈرنز کلاس |
| 9-15 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 9-40 p.m | فرانسیسی سروس |
| 10-50 p.m | جرمن سروس |

## اتوار 17 / مارچ 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-00 a.m | لقاء مع العرب |
| 1-00 a.m | عربی سروس |
| 1-50 a.m | مجلس سوال و جواب |
| 2-55 a.m | چلڈرنز کلاس |
| 3-55 a.m | جرمن ملاقات |
| 5-05 a.m | تلاوت- درس حدیث- خبریں |
| 6-00 a.m | چلڈرنز کلاس |
| 6-30 a.m | مجلس سوال و جواب |
| 7-30 a.m | حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی کتب کا تعارف |
| 8-15 a.m | خطبہ جمعہ (ریکارڈنگ) |
| 9-15 a.m | اردو اسباق |
| 10-00 a.m | لجنہ کی حضور سے ملاقات |
| 11-15 a.m | لقاء مع العرب |
| 12-30 p.m | سپینش سروس |
| 1-45 p.m | مشاعرہ |
| 2-35 p.m | کوئز: تاریخ احمدیت |
| 3-15 p.m | ایم ٹی اے یو ایس اے |
| 4-20 p.m | سفر بذریعہ ایم ٹی اے |
| 5-05 p.m | تلاوت- سیرۃ النبیؐ- خبریں |
| 6-00 p.m | مجلس عرفان |
| 7-00 p.m | بنگالی پروگرام |
| 8-00 p.m | لجنہ کی حضور سے ملاقات |
| 9-00 p.m | چلڈرنز کلاس |
| 9-30 p.m | خطبہ جمعہ (ریکارڈنگ) |
| 10-30 p.m | جرمن سروس |
| 11-30 p.m | لقاء مع العرب |

پبلشر آغا سیف اللہ- پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس- مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

## ہم اس میں اپنی روح ڈالیں گے اور خدا کا سایہ اس کے سر پر ہو گا

# حضرت مصلح موعود کی بابرکت زندگی ایک نظر میں

مکرم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

مندرجہ ذیل مختصر خاکہ جو محض اشارات ہی کا رنگ رکھتا ہے۔ اس امر کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ رب جلیل نے حضرت مہدی موعود کو مصلح موعود سے متعلق **20** فروری **1886**ء کو جو خبر دی تھی وہ نامساعد حالات کے باوجود ہر پہلو سے لفظاً لفظاً پوری ہوئی اور گو آج مصلح موعود ہماری مادی آنکھوں سے غائب ہیں مگر آپ کا نام اور کام دونوں ہی رہتی دنیا تک زندہ و تابندہ رہیں گے۔ جیسا کہ حضور نے خود ارشاد فرمایا:۔

''میرا نام دنیا میں ہمیشہ قائم رہے گا اور گو میں مر جاؤں گا مگر میرا نام کبھی نہیں مٹے گا۔ یہ خدا کا فیصلہ ہے جو آسمان پر ہو چکا کہ وہ میرے نام اور میرے کام کو دنیا میں قائم رکھے گا''۔ (**28** دسمبر **1961**ء)

## پہلا دور

**1889**ء ولادت باسعادت **12** جنوری۔

**1897**ء ختم قرآن اور آمین کی مقدس تقریب۔

☆ مقدمہ مارٹن کلارک میں حضرت اقدس کی بریت کا خواب۔

☆ انجمن ہمدردان اسلام کی ممبری۔

**1898**ء تعلیم الاسلام سکول میں داخلہ۔

☆ حضرت مسیح موعود کے دستِ مبارک پر بیعت۔

**1900**ء زندہ خدا پر زندہ یقین کی پہلی تجلی اور اپنے مولا سے باقاعدگی سے نمازیں پڑھنے کا اقرار۔

☆ انجمن تشحیذ الاذہان کی بنیاد۔

☆ حضرت اقدس کی زبان مبارک سے خطبہ الہامیہ کی سماعت۔

**1903**ء پہلی شادی اور شعر وسخن کے ذریعہ خدمت دین کا آغاز۔

**1905**ء میٹرک کا امتحان حضرت مولانا نورالدین سے قرآن مجید اور بخاری کی تعلیم۔

**1906**ء حضرت مسیح موعود کی طرف سے مجلس معتمدین صدر انجمن احمدیہ قادیان کے لئے بطور ممبر نامزدگی۔

☆ رسالہ ''تشحیذ الاذہان'' کا اجراء۔

☆ سالانہ جلسہ پر پہلی پر معارف تقریر۔

**1908**ء حضرت مسیح موعود کی نعش مبارک کے سامنے تاریخی عہد کہ:۔

''اگر سارے لوگ بھی آپ کو چھوڑ دیں گے اور میں اکیلا رہ جاؤں گا تو میں اکیلا ہی ساری دنیا کا مقابلہ کروں گا اور کسی مخالفت اور دشمنی کی پرواہ نہیں کروں گا''۔

## دوسرا دور

1908ء مخالفین کے جواب میں ''صادقوں کی روشنی کو کون دور کر سکتا ہے'' جیسی باطل شکن کتاب۔

☆ مدرسہ احمدیہ کے لئے کامیاب کوشش۔

☆ ''ہم کس طرح کامیاب ہو سکتے ہیں'' کے موضوع پر سالانہ جلسہ سے خطاب۔

**1909**ء دہلی کپورتھلہ لاہور قصور اور فیروز پور میں پبلک لیکچر۔

☆ پہلا سفر کشمیر۔

**1910**ء درس القرآن کا آغاز۔

☆ احمدی طلباء کیلئے تربیتی کلاس کا اجراء۔

☆ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی طرف سے سفر ملتان کے دوران آپ کا بطور امیر مقامی تقرر اور آپ کا پہلا خطبہ جمعہ۔

☆ منتظم مدرسہ احمدیہ کی حیثیت سے علمی خدمات کا آغاز۔

**1911**ء مجلس انصار اللہ کا قیام۔

☆ سالانہ جلسہ انجمن احمدیہ بٹالہ پر لیکچر۔

☆ پادری ینکسن سے مدلل ومسکت مذہبی گفتگو۔

☆ امتہ الحفیظ کی آمین۔

☆ سالانہ جلسہ میں مدارج تقویٰ کے موضوع پر روح پرور تقریر۔

**1912**ء ہندوستان کی مشہور اسلامی درس گاہوں کا دورہ سفر مصر وعرب اور حج بیت اللہ کی سعادت۔

**1913**ء اخبار الفضل کا اجراء۔

## تیسرا دور

**1914**ء **14** مارچ کو آپ کا خلیفۃ المسیح الثانی کی حیثیت سے انتخاب۔

☆ نمائندگان جماعت کے سامنے منصب خلافت کے موضوع پر خطاب۔

☆ فتنہ غیر مبایعین کی مدافعت۔

☆ انجمن ترقی (دین) کی تاسیس۔

☆ انگلستان میں احمدیہ مشن کی بنیاد۔

☆ شاہ دکن کے لئے تحفۃ الملوک۔

☆ منارۃ المسیح کے لئے عملی اقدام۔

☆ سالانہ جلسہ پر برکات خلافت کے موضوع پر حقائق کا مفصل بیان۔

**1915**ء ماریشس مشن کا قیام۔

☆ احمدیہ ہوسٹل لاہور کی بنیاد۔

☆ پہلے پارہ کی اردو انگریزی تفسیر۔

☆ القول الفصل اور حقیقت النبوۃ کی اشاعت۔

☆ سالانہ جلسہ پر انوار خلافت پر لیکچر۔

**1916**ء تصنیف اسلام اور دیگر مذاہب۔

☆ جلسہ سالانہ پر ذکر الٰہی پر ایمان افروز خطاب۔

**1917**ء نور ہسپتال کی بنیاد۔

☆ وقف زندگی کی پہلی تحریک۔

☆ شملہ میں لیکچر بعنوان ''زندہ مذہب''۔

☆ سالانہ جلسہ کے موقعہ پر حقیقۃ الرویا کے موضوع پر تقریر۔

**1919**ء نظارتوں کا قیام۔

☆ ''اسلام میں اختلافات کا آغاز'' کے موضوع پر شاندار لیکچر۔

☆ تحریک خلافت میں راہ نمائی۔ سالانہ جلسہ پر عرفان الٰہی اور تقدیر الٰہی جیسے دقیق مسائل کی مفصل تشریح۔

**1920**ء امریکہ مشن کی بنیاد۔

☆ مربیان کلاس کا اجراء۔

☆ معاہدہ ترکیہ اور مسلمانوں کا آئندہ رویہ اور ترک موالات اور اسلام جیسے نازک معاملات پر حقیقت افروز تصانیف۔

☆ سالانہ جلسہ پر ملائکۃ اللہ کے موضوع پر تقریر۔

**1921**ء گولڈ کوسٹ اور نائیجیریا مشن کا قیام۔

☆ تصنیف آئینہ صداقت۔

☆ تقریر ہدایات زریں۔

☆ سالانہ جلسہ پر لیکچر بعنوان ہستی باری تعالیٰ۔

**1922**ء ''تحفہ شہزادہ ویلز''

☆ احمدیہ مشن مصر کی تاسیس۔

☆ مجلس شوریٰ کی بنیاد۔

☆ اچھوت اقوام میں دعوت الی اللہ۔

☆ لجنہ اماء اللہ کا قیام

☆ نجات کے موضوع پر سالانہ جلسہ پر تقریر۔

**1923**ء تحریک شدھی کے خلاف کامیاب محاذ جنگ۔

☆ اساس الاتحاد کی تصنیف۔

☆ بالشویک علاقہ میں دعوت الی اللہ۔

**1924**ء احمدیت اور دعوت الامیر کی تصنیف۔

☆ پہلا سفر یورپ۔

☆ لنڈن کی ویمبلے کانفرنس میں اثر انگیز خطاب

☆ بیت الفضل لنڈن کی بنیاد۔

☆ ایران میں مشن کا قیام۔

**1925**ء مدرسۃ الخواتین کا اجراء۔

☆ شام وفلسطین اور سماٹرا جاوا میں احمدیہ مشنوں کا قیام۔

☆ سالانہ جلسہ پر تقریر بعنوان ''منہاج الطالبین''۔

**1926**ء ''سن رائز'' اور مصباح کا اجراء۔

**1927**ء جداگانہ نیابت کی تائید۔

☆ ہندو مسلم فسادات اور ان کا علاج اور ''مذہب وسائنس'' کے عنوانات پر معرکۃ آلاراء لیکچر۔

☆ رنگیلا رسول اور ورتمان کے فتنہ کا موثر دفاع اور تحفظ ناموس رسول کے لئے ملک گیر تحریک۔

☆ حضرت مسیح موعود کے کارنامے کے عنوان پر سالانہ جلسہ پر مفصل تقریر۔

**1928**ء جامعہ احمدیہ کا قیام۔

☆ سیرت النبیؐ کے جلسوں کی عالمی تحریک۔

☆ خاص درس قرآن۔

☆ نہرو رپورٹ پر مفصل تبصرہ۔

☆ تقریر ''دنیا کا محسن''۔

☆ فضائل قرآن پر سلسلہ تقاریر کی ابتداء۔

**1930**ء اشتہارات ''ندائے ایمان''۔

☆ احمدیہ یونیورسٹی کی داغ بیل۔

☆ ''ہندوستان کے سیاسی مسئلہ کا حل'' کے نام سے ایک یادگار تصنیف۔

## چوتھا دور

**1931**ء آل انڈیا کشمیر کمیٹی کی صدارت اور مسلمانان کشمیر کی آزادی کے لئے شاندار جدوجہد کا آغاز۔

**1932**ء کرنال۔ حصار اور الور کے مسلمانوں کی امداد۔

☆ اچھوت اقوام کی حفاظت کے لئے اپیل۔

☆اراضی سندھ کی خرید اور اشاعت حق کیلئے ریزروفنڈ

**1934**ء تحریک سالکین۔

☆ حضرت مسیح موعود کے کشوف والہامات کی جمع وتدوین کا انتظام۔

☆بیت الفضل لائل پور کا افتتاح اور تقریر تبلیغ حق۔

☆مشرقی افریقہ میں احمدیہ مشن کی بنیاد۔

☆تحریک جدید جیسے عالمگیر ادارہ کا قیام۔

**1935**ء سنگاپور، جاپان اور ہانگ کانگ میں احمدیہ مشنوں کی بنیاد۔

**1936**ء ہنگری، پولینڈ، چیکوسلواکیہ، ارجنٹائن، سپین البانیہ اور یوگوسلاویہ میں احمدیہ مشنوں کی بنیاد۔

**1937**ء احمدیہ مشن سیرالیون کا قیام۔

☆روایات رفقاء محفوظ کرنے کی تحریک۔

☆سالانہ جلسہ پر انقلاب حقیقی کے موضوع پر تقریر۔

**1938**ء خدام الاحمدیہ کی انقلاب انگیز مجلس کی بنیاد مصری فتنہ کا رڈ۔

☆ سالانہ جلسہ پر سیر روحانی کے ایمان افروز علمی لیکچروں کا آغاز۔

**1939**ء یوم پیشوایان مذاہب کی بنیاد۔

☆ جلسہ جوبلی پر ''خلافت راشدہ'' کے موضوع پر شاندار خطاب۔

**1940**ء تقویم ہجری شمسی کا اجراء۔

☆تفسیر کبیر کی اشاعت کا آغاز۔

☆مجلس انصاراللہ کی بنیاد۔

**1942**ء جلسہ سالانہ پر لیکچر نظام نو۔

**1943**ء افتاء کمیٹی کا تقرر۔

☆''اصول احمدیت'' پر تقریر بمقام قصور۔

☆سالانہ جلسہ پر اسوہ حسنہ کے موضوع پر لیکچر۔

## پانچواں دور

**1944**ء جناب الٰہی کی طرف سے مصلح موعود ہونے کا انکشاف اور آپ کا دعویٰ۔

☆متعدد مبارک تحریکوں کا اجراء۔

☆ہوشیار پور، لاہور، لدھیانہ اور دہلی کے عظیم الشان جلسوں سے خطاب۔

☆تعلیم الاسلام کالج اور فضل عمر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کا قیام۔

☆سالانہ جلسہ پر تقریر بعنوان ''الموعود''۔

**1945**ء انگلستان اور ہندوستان کو باہمی صلح کا پیغام مرکزی اسمبلی کے انتخاب میں مسلم لیگ کی پر جوش اعانت۔

☆لیکچر اسلام کا اقتصادی نظام۔

**1946**ء صوبائی الیکشن میں مسلم لیگ کی زبردست تائید۔

☆ پارلیمنٹری مشن کی آمد پر تحریک پاکستان کی حمایت۔

☆ مسلم لیگ کو عبوری حکومت میں شامل کرانے کے لئے کامیاب سفر دہلی۔

☆اٹلی، فرانس، سوئٹزرلینڈ، بورنیو اور عدن میں احمدیہ مشنوں کی بنیاد۔

☆ انڈونیشیا کی تحریک آزادی کے حق میں آواز، مسلمانان عالم کو انذار اور اتحاد کی دعوت۔

**1947**ء مطالبہ تقسیم پنجاب کے خلاف احتجاج۔

☆سکھ قوم کو مسلم لیگ سے مفاہمت کرنے کی دردمندانہ اپیل۔

☆قادیان اور اس کے نواح کو پاکستان میں شامل کرانے کی آئینی جدوجہد۔

☆ مسلم لیگ کے موقف کی مضبوطی کیلئے برطانیہ اور امریکہ سے قیمتی لٹریچر کی فراہمی اور مسٹر سپیٹ (باؤنڈری سپیشلسٹ) کو منگوانے کا انتظام۔

## چھٹا دور

**1947**ء فرقہ وارانہ فسادات کے دوران قادیان سے ہجرت (31۔اگست)۔

☆پاکستان میں جماعت احمدیہ کی تنظیم نو۔

☆ مہاجرین کی آبادکاری قادیان سے احمدی مردوں اور عورتوں کے بحفاظت لانے کا کارنامہ۔

☆حفاظت قادیان۔

☆پاکستان اور دیگر اسلامی ممالک کے داخلی مسائل پر راہ نمائی۔

☆ پاکستان اور اس کا مستقبل کے موضوع پر معلومات افزا چھ لیکچر۔

☆ہالینڈ مشن کی بنیاد۔

**1948**ء استحکام پاکستان کے سلسلہ میں کراچی، پشاور، راولپنڈی اور کوئٹہ میں پبلک لیکچر۔

☆ٹریکٹ الکفر ملۃ واحدہ اور مسلمانان عالم کو صیہونت کے خلاف متحد ہونے کی مخلصانہ اپیل اور اس کا نظام عمل۔

☆آزادی کشمیر کے لئے فرقان بٹالین کا قیام۔

☆اشاعت دین کے نئے مرکز ربوہ کی بنیاد۔

☆اردن مشن کا قیام۔

☆دیباچہ تفسیر القرآن کی اشاعت۔

☆لیکچر سیالکوٹ بعنوان احمدیت کا پیغام۔

☆ تقریر کراچی ''قیام پاکستان اور ہماری ذمہ داریاں''۔

**1949**ء جرمن، مسقط اور گلاسگو میں احمدیہ مشنوں کا قیام۔

☆بیت المبارک ربوہ کی تعمیر۔

**1950**ء کتاب ''اسلام اور ملکیت زمین'' کی تصنیف واشاعت۔

☆ربوہ کے مرکزی اداروں کا سنگ بنیاد۔

**1951**ء جامعہ نصرت کا افتتاح۔

☆تقریر سالانہ جلسہ بعنوان چشمہ ہدایت''۔

**1952**ء سالانہ جلسہ کے موقعہ پر ''تعلق باللہ کے موضوع پر لطیف تقریر۔

**1953**ء فسادات پنجاب کے دوران جماعت احمدیہ کی راہ نمائی اور نیم شبی دعاؤں اور پر حکمت ذرائع وتدابیر سے احمدیوں کی حفاظت اور قبل از وقت پیشگوئی کہ

''ساری دنیا مجھے چھوڑ دے مگر وہ انشاء اللہ مجھے کبھی نہیں چھوڑے گا۔ سمجھ لو کہ وہ میری مدد کے لئے دوڑا آ رہا ہے۔ وہ میرے پاس ہے وہ مجھ میں ہے''۔

☆ احمدیہ لٹریچر کی اشاعت کے لئے الشرکۃ الاسلامیہ اور دی اورینٹل اینڈ ریلجس پبلشنگ کمپنی کا قیام۔

☆سلسلہ احمدیہ کی تاریخ محفوظ کرنے کا انتظام۔

☆ڈچ ترجمہ قرآن کریم کی اشاعت۔

☆مسئلہ وحی ونبوت کے متعلق اسلامی نظریہ۔

☆تعلیم الاسلام کالج ربوہ کی عمارت کا سنگ بنیاد۔

☆برما مشن کا احیاء۔

**1954**ء قادیانی مسئلہ کا جواب۔

☆تحقیقاتی عدالت میں بصیرت افروز بیان۔

☆ قاتلانہ حملہ اور حضرت فضل عمر کا اہم پیغام اور معجزانہ شفایابی۔

☆جرمن ترجمہ قرآن کی اشاعت۔

☆لاہور کے سیلاب زدگان کی امداد اور متاثرہ علاقوں کا بنفس نفیس دورہ۔

## ساتواں دور

**1955**ء بیماری کا حملہ۔ دوسرا سفر یورپ اور حضور کی صدارت میں مربیان یورپ کی کانفرنس اور دعوت دین سے متعلق اہم فیصلے۔

**1956**ء لائبیریا مشن کا قیام۔ فتنہ منافقین کا سدباب۔

☆ جلسہ سالانہ پر جلال انگیز تقاریر بعنوان۔ خلافت حقہ اسلامیہ ونظام آسمانی کی مخالفت اور اس کا پس منظر۔

**1957**ء تفسیر صغیر کی اشاعت۔

☆ادارۃ المصنفین ربوہ کا قیام۔

☆انتخاب خلافت سے متعلق لائحہ عمل کی منظوری۔

☆ سکنڈے نیویا مشن کا قیام۔

☆ہمبرگ بیت الذکر کا افتتاح۔

**1958**ء وقف جدید کی بنیاد۔

☆فضل عمر ہسپتال کا افتتاح۔

**1959**ء انڈونیشین زبان میں ترجمہ قرآن کی تکمیل۔

☆ بیت فرینکفورٹ کی تعمیر۔

☆احباب جماعت اور اپنی اولاد کے نام اہم پیغام۔

**1960**ء فجی مشن کا قیام۔ نگران بورڈ کے قیام کی منظوری۔

**1961**ء آئیوری کوسٹ مشن کی بنیاد جماعت احمدیہ کے نام خصوصی پیغام کہ:۔

**''دنیا میں پھیل جاؤ اور (دین) کی تعلیم کو دنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیلا دو''**

☆ سالانہ جلسہ پر تحریر فرمودہ روحانی خطاب۔

**1962**ء بیت محمود زیورک کی بنیاد۔

**1963**ء تاریخ احمدیت کے مکمل سیٹ برصغیر پاک وہند کی لائبریریوں میں رکھوانے کی تحریک۔

**1964-65**ء صبر ورضا اور انقطاع الی اللہ کا مثالی نمونہ اور روحانی توجہ اور رقت انگیز دعاؤں سے جماعت احمدیہ کی تربیت۔

☆یوم قادیان کی تقریب پر نونہالان احمدیت کے نام ولولہ انگیز پیغام اخلاص سے کام کرو اللہ تعالیٰ تمہارے اخلاص میں برکت دے۔

**1965**ء پاکستان پر بھارت کا حملہ اور جماعت کے نام پیغام کہ ''دعاؤں اور قربانیوں کے ساتھ اپنے محبوب وطن کو مستحکم اور ناقابل تسخیر بنا دو''۔

☆صدر مملکت پاکستان کو اپنی جماعت احمدیہ کی طرف سے مکمل تعاون اور مدد کی یقین دہانی اور دفاع وطن کیلئے ہر مطلوبہ قربانی بجالانے کا عہد۔

☆اپنی ذات سے وابستہ تمام خدائی نوشتوں کے ظہور کے بعد اپنے نفسی نقطہ آسمان کی طرف اٹھایا جانا۔

وکان امرا متضیا (7/8 نومبر 1965ء)

# حضرت مصلح موعود کی پرشوکت پیشگوئی

رب ذوالجلال بزرگ وبرتر (جلشانہ وعزاسمہ) نے اپنی صفت المصور کے مطابق حضرت سیدنا محمود المصلح الموعود کی 76 سالہ مقدس زندگی کی جو الہامی تصویر 20 فروری 1886ء کو اپنے پاک کلمات میں کھینچی تھی، آپ کا مبارک وجود اس کا عکس تام تھا۔ جس نے اپنوں اور بیگانوں کو ورطہ حیرت میں ڈال رکھا ہے۔ خود حضور پرنور نے اپنے ''نفسی نقطہ آسمان کی طرف'' اٹھائے جانے یعنی وصال مبارک سے پانچ سال قبل یہ پرشوکت پیشگوئی فرمائی کہ:۔

میں اسی خدا کے فضلوں پر بھروسہ رکھتے ہوئے کہتا ہوں کہ میرا نام دنیا میں ہمیشہ قائم رہے گا اور گو میں مر جاؤں گا مگر میرا نام کبھی نہیں مٹے گا۔ یہ خدا کا فیصلہ ہے جو آسمان پر ہو چکا کہ وہ میرے نام اور میرے کام کو دنیا میں قائم رکھے گا ...... دنیا کی کسی بڑی سے بڑی طاقت کے بھی اختیار میں نہیں کہ وہ میرا نام (دین) کی تاریخ کے صفحات سے مٹا سکے۔ آج نہیں آج سے چالیس پچاس بلکہ سو سال کے بعد تاریخ اس بات کا فیصلہ کرے گی کہ میں نے جو کچھ کہا وہ صحیح کہا تھا یا غلط میں بے شک اس وقت موجود نہیں ہوں گا مگر جب ..... احمدیت کی اشاعت کی تاریخ لکھی جائے گی تو (۔) مورخ اس بات پر مجبور ہوگا کہ وہ اس تاریخ میں میرا بھی ذکر کرے''

(تاریخ احمدیت جلد 5 ص 114)

# لعل تاباں

نمبر 36

مرتبہ: فخر الحق شمس

## لقاء الٰہی

حضرت عبادہ بن صامتؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

جو شخص لقاء الٰہی کی آرزو رکھتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے۔ اور جو لقاء الٰہی کو ناپسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کی ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔

(جامع ترمذی ابواب الزھد۔ باب من احب لقاء اللہ)

## ایمان اور عمل صالح

حضرت علیؓ بن ابی طالب بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ ایمان یہ ہے کہ دل سے خدا کی شناخت ہو۔ زبان سے اس کا اقرار ہو اس کے احکام پر عمل ہو۔

(ابن ماجہ باب فی الایمان)

## آل نبیؐ پر صدقہ جائز نہیں

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔

''آل محمدؐ کی قوم بنو ہاشم پر زکوٰۃ اور صدقہ حرام ہے ان کو جائز نہیں کہ مشتری چندوں سے کچھ لیں گو کیسے ہی غریب اور مسکین کیوں نہ ہوں۔ منصفو! یہ استثنا بھی قابل غور ہے۔

امام حسینؓ بچے تھے تو آپ نے صدقہ کی کھجوروں میں سے ایک کھجور اٹھالی اور چاہا کہ منہ میں ڈالیں۔ جناب رسالت مآبؐ نے منع فرمایا اور منہ سے نکلوادی۔''

(حقائق الفرقان جلد دوم ص 295)

## بے مثال عفو

ایک دفعہ ایک شخص قادیان آیا اور حضرت مسیح موعود سے بحث کرنے لگ گیا۔ حضور اسے جواب دیتے رہے کہ وہ جلد عاجز آ گیا اور خاموش ہو گیا۔ اس پر حضرت صاحب نے اس سے پوچھا کیا آپ سمجھ گئے ہیں؟ اس نے کہا جی میں سمجھ گیا ہوں کہ آپ دجال ہیں۔ دجال کی صفت میں یہی آیا ہے کہ وہ دوسروں کا منہ بند کر دے گا۔

وہ قادیان سے چلا گیا اور امرتسر جا کر اس نے ایک اشتہار شائع کروایا اس میں یہ واقعہ درج کیا اور لکھا کہ میں نے یہ الفاظ ان کے منہ پر کہے لیکن جب اندر تشریف لے گئے تو میں نے ایک رقعہ بھیجا کہ میں ضرورت مند ہوں کچھ سلوک میرے ساتھ کرنا چاہئے۔ اس رقعہ کے ملتے ہی آپ نے فوراً پندرہ روپے بھیج دیئے۔ آپ سخی بہت ہیں اور آپ کے منہ پر بھی سخت لفظ کہا جائے تو رنج نہیں کرتے۔ حضرت صاحب نے خود اس آخری امر کا کسی سے ذکر نہیں کیا تھا اس مولوی کے اشتہار سے اس پندرہ روپے دینے کا پتہ لگا۔

(رفقائے احمد جلد 4 ص 138)

## سوار ہو جاؤ یا......

حضور ﷺ ایک دفعہ حضرت سعد بن عبادہؓ سے ملنے کے لئے تشریف لے گئے۔ جب حضورؐ واپس ہونے لگے تو حضرت سعد نے اپنے بیٹے قیس سے کہا کہ وہ حضور کی سواری کے ساتھ جائیں۔

جب چلنے لگے تو حضور ﷺ نے حضرت قیس سے فرمایا تم بھی سوار ہو جاؤ۔ انہوں نے بے ادبی کے لحاظ سے ہچکچاہٹ ظاہر کی تو حضور نے فرمایا۔

یا تو سوار ہو جاؤ یا پھر واپس گھر چلے جاؤ۔

کیونکہ حضور کو ان کا پیدل ساتھ ساتھ چلنا تکلیف دے رہا تھا۔ مگر حضرت قیس نے ساتھ سوار ہونے کی جرأت نہ کی اور واپس چلے گئے۔

(ابو داؤد کتاب الادب باب کم مرۃ یسلم الرجل)

## میں لا دیتا ہوں

حضرت مفتی محمد صادق صاحب رفیق حضرت مسیح موعود بیان فرماتے ہیں:

ایک دفعہ میں وضو کے واسطے پانی کی تلاش میں لوٹا ہاتھ میں لئے اس دروازے کے اندر گیا۔ جو بیت مبارک میں سے حضرت صاحب کے اندرونی مکانات کو جاتا ہے۔ تاکہ وہاں حضرت صاحب کے کسی خادم کو لوٹا دے کر پانی اندر سے منگواؤں۔ اتفاقاً اندر سے حضرت صاحب تشریف لائے۔ مجھے کھڑا دیکھ کر فرمایا۔ آپ کو پانی چاہئے۔ میں نے عرض کی جی ہاں حضرت صاحب نے لوٹا میرے ہاتھ سے لے لیا۔ اور فرمایا میں لا دیتا ہوں اور خود اندر سے پانی ڈال کر لے آئے اور مجھے عطا فرمایا۔

(ذکر حبیب ص 326)

## پیغام حق پہنچانے کا ایک طریق

چوہدری فیض احمد گجراتی صاحب درویش تحریر کرتے ہیں:۔

حضرت بابا سلطان احمد صاحب نے سنایا کہ میں جن ایام میں احمدیت میں داخل ہوا تھا مخالفتوں کے طوفان شباب پر تھے۔ میں بہت معمولی پڑھا لکھا تھا اور ایسی شخصیت اور حیثیت بھی نہ رکھتا تھا کہ کوئی مجلس منعقد کر کے تقریر کر سکتا۔ لیکن میرے دل میں ایک تڑپ تھی کہ وہ عملی طور جو میں نے قادیان کے فرازوں پر دیکھا ہے وہ دوسروں کو بھی دکھاؤں۔ لیکن یہ سمجھ نہ آتی تھی کہ کیسے؟ اور کس طرح اپنی نگاہوں میں بسے ہوئے ان لمحات نور کو دوسروں کی نگاہوں میں منتقل کروں۔ میں سوچتا رہتا اور سوچتا رہا۔

آخر ایک ترکیب میرے ذہن میں آ گئی۔ میں نے آواز اچھی پائی تھی۔ اور ''ہیر وارث شاہ'' بڑی خوش الحانی سے پڑھ سکتا تھا۔ چنانچہ میں نے یہ طریق اختیار کیا کہ مختلف دیہات میں چلا جاتا اور کسی بارونق مقام پر کھڑے ہو کر اکیلے ہی ہیر پڑھنا شروع کر دیتا۔ میری آواز سن کر لوگ جمع ہونے لگتے۔ اور جب کافی مجمع ہو جاتا تو میں ہیر پڑھنا بند کر دیتا۔ اور لوگوں سے کہتا دیکھو بھائیو! وہ مہدی جس کا مدت سے انتظار تھا قادیان میں نازل ہو چکا ہے۔ جاؤ اور جا کر اپنی آنکھوں سے دیکھ لو......! چنانچہ یہ طریق بڑا کامیاب رہا۔ اور خدا کے فضل سے میں نے بہت سے لوگوں تک پیغام حق پہنچایا۔

(گلدستہ درویشاں کے پھول ص 40)

## استقامت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''جو لوگ بے صبری کرتے ہیں وہ شیطان کے قبضہ میں آ جاتے ہیں۔ سو متقی کو بے صبری کے ساتھ بھی جنگ ہے۔ بوستان میں ایک عابد کا ذکر کیا گیا ہے کہ جب کبھی وہ عبادت کرتا تو ہاتف یہی آواز دیتا کہ تو مردود و مخذول ہے ایک دفعہ ایک مرید نے یہ آواز سن لی اور کہا کہ اب تو فیصلہ ہو گیا۔ اب ٹکریں مارنے سے کیا فائدہ ہو گا۔ وہ بہت رویا اور کہا کہ میں اس جناب کو چھوڑ کر کہاں جاؤں گا۔ اگر ملعون ہوں تو ملعون ہی سہی۔ غنیمت ہے کہ مجھ کو ملعون تو کہا جاتا ہے۔ ابھی یہ باتیں مرید سے ہو رہی تھیں کہ آواز آئی کہ تو مقبول ہے۔ سو یہ سب صدق و صبر کا نتیجہ تھا جو متقی میں ہونا شرط ہے''

(ملفوظات جلد اول ص 24)

## اندھیرے میں

حضرت چوہدری نصر اللہ خان صاحب کے متعلق ان کے بیٹے حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

میری طبیعت پر بچپن سے یہ اثر تھا کہ والد صاحب نماز بہت پابندی سے ادا فرمایا کرتے اور تہجد کا التزام رکھتے تھے۔ میں اپنے تصور میں اکثر والد صاحب کو نماز پڑھتے یا قرآن کریم کی تلاوت کرتے دیکھتا ہوں۔ آپ فجر کی نماز سیالکوٹ میں بیت کبوتراں والی میں ادا کرتے تھے۔ جو ہمارے گھر سے فاصلے پر تھی اس لئے والد صاحب گھر سے بہت اندھیرے میں روانہ ہو جاتے تھے۔

(رفقائے احمد جلد 11 ص 163 از ملک صلاح الدین صاحب احمدیہ بک ڈپو ربوہ طبع اول 1962ء)

یہی ورثہ آپ کی اولاد میں منتقل ہوا۔ اور حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے اس نور کو سینے میں روشن رکھا۔

## تربیت کا اچھوتا انداز

حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ حضرت مسیح موعود کی تربیت کے انداز کے بارے میں فرماتی ہیں حضور تربیت کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے''ایک شام آسمان پر ہلکے ہلکے ابر میں خوبصورت رنگ برنگ کی دھنک دیکھ کر ہم سب خوش ہو رہے تھے آپ اس وقت صحن میں ٹہل رہے تھے جو بعد میں ام ناصر کا صحن کہلاتا رہا۔ میں نے کہا یہ جو کمان ہے اس کو سب لوگ (پنجابی میں) مائی بڈھی کی پینگ کہتے ہیں اس کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ فرمایا اس کو عربی میں ''قوس قزح'' کہتے ہیں مگر تم اس کو ''قوس اللہ'' کہا کرو۔ نیز فرمایا کہ قوس قزح کے معنے شیطان کی کمان ہے۔ یہ بات مجھے ہمیشہ یاد رہی ہے۔''

(سیرت وسوانح حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ ص 36)

رہے ہیں- میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی- اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے- الامۃ صائمہ قمر بنت معین الدین لطیف آباد حیدر آباد سندھ گواہ شد نمبر 1 لطف الرحیم طاہر ولد عبدالسلام طاہر گلشن ذیل پارک حیدر آباد گواہ شد نمبر 2 معین الدین پاسپورٹ آفس حیدر آباد

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں-

## ولادت

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مکرم ڈاکٹر میر شریف احمد صاحب نائب صدر سنٹرل جرسی جماعت اور محترمہ نیرہ مرزا صاحبہ نیو جرسی امریکہ کو مورخہ 13 جنوری 2002ء کو بیٹی سے نوازا ہے- نومولودہ کا نام ''منیحہ میر احمد'' تجویز ہوا ہے- نومولودہ محترم میر غلام احمد نسیم صاحب مربی سلسلہ حال مقیم نیو جرسی امریکہ کی پوتی اور مکرم مرزا خلیل احمد صاحب آف شیزان انٹرنیشنل لاہور کی نواسی ہے- نومولودہ کی صحت و تندرستی والی عمر' سعادتمندی' دین و دنیا کی فلاح اور والدین کے لئے قرۃ العین ہونے کیلئے احباب کرام سے درخواست دعا ہے-

## درخواست دعا

مکرم حاجی محمد شریف صاحب آف گوجرانوالہ حال مقیم جرمنی شدید بیمار ہیں اور ہسپتال میں داخل ہیں- احباب کرام کی خدمت میں ان کی مکمل شفایابی کے لئے درخواست دعا ہے-

## نکاح

مکرم منصور احمد لقمان صاحب کارکن نظارت دیوان لکھتے ہیں کہ خاکسار کے برادر نسبتی مکرم آفتاب یوسف صاحب ابن مکرم محمد یوسف صاحب E-10 بیوت الحمد ربوہ کا نکاح ہمراہ مکرمہ نگہت صدف صاحبہ بنت مکرم محمد اسحاق صاحب دارالنصر غربی ربوہ مورخہ 24 فروری 2002ء بعوض 30 ہزار روپے حق مہر مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نے بعد از نماز عصر بیت المبارک میں پڑھا- مکرمہ نگہت صدف صاحبہ مکرم ملک محمد رمضان صاحب 96 گ-ب صریح کی نواسی ہیں احباب سے اس رشتہ کے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ ہونے اور فریقین کے لئے قرۃ العین کی درخواست دعا ہے-

## تبدیلی نام

میں نے اپنا نام احمد یوسف سے تبدیل کر کے یوسف احمد رکھ لیا ہے- لہذا اب مجھے اسی نام سے پکارا اور لکھا جائے-

یوسف احمد ولد عبدالاحد بشارت
10/13 دارالصدر جنوبی ربوہ

## ہیلتھ سائنسز انسٹی ٹیوٹ

یہ ادارہ ھالینڈ کے شہر Rotterdam میں واقع ہے یہ مندرجہ ذیل مضامین میں ماسٹرز پروگرام آفر کرتا ہے-

A) Clinical Epidemiology
B) Epidemiology
C) Genetic Epidemiology
D) Health Services Research
E)Medical Informatics
F) Public Health

اس ادارہ میں داخلہ سے متعلق معلومات اس ایڈریس پر لکھ کر حاصل کی جاسکتی ہیں-

Netherlands Institute for Health Sciences - P.O.Box 1738.
3000 Dr Rotterdam The Netherlands
web: www.nihes.nl

(نظارت تعلیم)

## اعلان دارالقضاء

(محترمہ امتہ المتین صاحبہ بابت ترکہ مکرم ناصر احمد صاحب)

محترمہ امتہ المتین صاحبہ حال مقیم اسلام آباد نے درخواست دی ہے کہ میرے شوہر مکرم ناصر احمد صاحب ولد مکرم جمال دین صاحب (ساکن کوارٹرز تحریک جدید ربوہ) بقضائے الٰہی وفات پاچکے ہیں- قطعہ نمبر 2/4 دارالعلوم شرقی ربوہ برقبہ دس مرلہ میں سے 5 مرلہ رقبہ ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے- ان کا یہ حصہ میرے نام منتقل کر دیا جائے- دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے- جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:-

(1) محترمہ امتہ المتین صاحبہ (بیوہ)
(2) محترمہ عطیۃ الحیٔ صاحبہ (بیٹی)
(3) مکرم عطاء المحسن صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں-

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

## بازیافتہ عینک

ایک عدد نظر کی عینک دفتر صدر عمومی میں جمع کروائی گئی ہے جن کی ہو وہ دفتر سے رابطہ کرے-

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ)

# عالمی خبریں

عالمی ذرائع ابلاغ سے

**رملہ شہر پر قبضہ اور 30 فلسطینی شہید** اسرائیلی فوج نے فلسطینیوں کے خلاف بڑا آپریشن کر کے 30 فلسطینیوں کو شہید کر دیا ہے اور رملہ شہر پر قبضہ کر لیا ہے- اسرائیلی فوجیوں نے یاسر عرفات کے محافظ دستے 17 فورس کے ٹھکانے اور فلسطینی بحریہ کے ہیڈ کوارٹر پر بھی میزائل داغے رملہ شہر پر قبضہ کے بعد 16 سے 40 سال تک کے فلسطینی مردوں کو گھروں سے نکل کر ہتھیار ڈالنے کا حکم دیا- شمالی اسرائیل میں ایک بس پر حملہ کرنے والے دو فلسطینی حملہ آور مارے گئے- اسرائیلی وزیر خارجہ شمعون پیریز نے اپنی حکومت کے حملوں پر سخت تنقید کی ہے- جبلیہ کے کیمپ میں شدید لڑائی جاری ہے- ایک خودکش حملے میں 7 اسرائیلی ہلاک ہو گئے ہیں- اسرائیلی فوج نے کئی مہاجر کیمپوں کا گھیراؤ کر لیا ہے-

**ایودھیا میں رام مندر** وشوا ہندو پریشد نے حکومت کو ایک بار پھر دھمکی دی ہے کہ ایودھیا میں رام مندر کی تعمیر کے لئے 15 مارچ سے کام شروع ہوگا اور پوجا بھی ضرور کی جائے گی- اس کو کوئی روک نہیں سکتا- وائس آف امریکہ کے مطابق حکومت نے وشوا پریشد سے کہا ہے کہ اگر انہوں نے اپنا فیصلہ نہ بدلا تو ایودھیا میں 15 مارچ سے کرفیو لگا دیا جائے گا-

**ایک ہزار ہندوؤں کی ایودھیا روانگی** بھارتی ریاست گجرات سے ایک ہزار ہندو یاتری رام مندر بھومی پوجا کے لئے بذریعہ ٹرین روانہ ہو گئے ہیں-

**افغانستان میں قیدیوں کی حالت زار** پاکستان کے انسانی حقوق کمیشن نے نومبر 2001ء سے افغانستان میں لاپتہ ہونے والے 1200 پاکستانیوں کی فہرست تیار کی ہے- ان لوگوں کو جنرل رشید دوستم کی فوجوں نے اغوا کر لیا تھا- اب وہ مبینہ طور پر مزار شریف اور شیر خان میں قید ہیں- ان 1200 پاکستانیوں کا تعلق کالعدم نفاذ شریعت محمدی سے ہے- جیلوں میں ان کی حالت بہت تشویشناک ہے کرزئی حکومت بھی اس معاملہ میں بے بس ہے- ان پاکستانی قیدوں کی افغانستان میں خرید و فروخت کی جا رہی ہے- انسانی حقوق کمیشن کی رپورٹ کے مطابق پاکستانی قیدیوں کو قید کرنے والے مسلح گروہوں پر افغان عبوری حکومت کا کنٹرول نہیں ہے

**پاکستان سے دوستانہ تعلقات** بھارتی وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی نے کہا ہے کہ ان کا ملک پاکستان کے ساتھ دوستانہ تعلقات چاہتا ہے تاہم مذاکرات شروع ہونے سے قبل ماحول کا سازگار ہونا ضروری ہے-

**نیشنل کانفرنس کا رہنما قتل** مقبوضہ کشمیر میں بڈگام کے گاؤں یاری خان میں نامعلوم مسلح افراد نے نیشنل کانگرنس کے رہنما غلام محی الدین کوان کے گھر میں اندھا دھند فائرنگ کر کے شہید کر دیا جموں میں گاندھی نگر کے علاقہ بڈگام میں بم دھماکہ سے 3 افراد شدید زخمی ہو گئے- مختلف مقامات پر 3 کشمیری جوان جاں بحق اور چار بھائی مارے گئے-

**جنوبی ایشیا میں تناؤ** امریکی وزیر دفاع ڈونلڈ رمزفیلڈ نے کہا ہے کہ جنوبی ایشیا میں ہماری فوج کی موجودگی چین اور روس کے لئے تناؤ پیدا کر سکتی ہے- امریکی فوجیں اسی ہفتہ القاعدہ اور طالبان کے جنگجوؤں کا مکمل خاتمہ کر دیں گی- امریکہ افغانستان میں القاعدہ اور طالبان کا نیٹ ورک ختم کر کے اپنی فوجیں واپس بلا لے گا-

**چین میں بم دھماکے** چین میں 2 دھماکوں میں 30 افراد ہلاک اور 20 زخمی ہو گئے ہیں- پہلا دھماکہ ایک بس میں رکھا آتش گیر مادہ پھٹنے سے ہوا دوسرا دھماکہ ایک فیکٹری میں ہوا-

**بھومی پوجا نہیں کرنے دیں گے واجپائی** بھارتی وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ آنے تک ہندوؤں کو ایودھیا میں متنازع اراضی پر پوجا کی اجازت نہیں دیں گے-

**باغیوں نے ہتھیار ڈال دیئے** فلپائن میں 83 علیحدگی پسند باغیوں نے فوج کے آگے ہتھیار ڈال دیئے ہیں- سب سے بڑی مسلم تنظیم اسلامک فرنٹ کے کمانڈر نے خود کو فوج کے حوالے کر دیا-

**ایٹمی حملے کا منصوبہ نہیں** امریکی وزیر خارجہ کولن پاؤل نے کہا ہے کہ 7 ممالک پر ایٹمی حملوں کی خفیہ رپورٹ معمول کی منصوبہ بندی ہے اور امریکہ کا کسی ملک کے خلاف ایٹمی حملے کا کوئی منصوبہ نہیں-

بقیہ صفحہ 1

احباب جماعت سے درخواست ہے کہ اس نیکی کے کام میں زیادہ سے زیادہ حصہ لینے کی کوشش کریں- نیز امراء صاحبان سے بھی درخواست ہے کہ وہ گاہے بگاہے احباب کی توجہ اس طرف مبذول کروائیں-

یہ رقم بمد امداد طلباء خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں جمع کروا سکتے ہیں- براہ راست نگران امداد طلباء معرفت نظارت تعلیم کو بھی یہ رقم بھجوائی جاسکتی ہے-

(نگران امداد طلباء)

طب یونانی کا مایہ ناز ادارہ
قائم شدہ 1958ء
فون 211538
خورشید
سفوف فشار - حب فشار
ہائی بلڈ پریشر مؤثر طور پر کنٹرول کرتا ہے
اطباء بھی اعتماد کے ساتھ پریکٹس کر سکتے ہیں
خورشید یونانی دواخانہ رجسٹرڈ ربوہ

# ملکی خبریں
ملکی ذرائع ابلاغ سے

### ربوہ میں طلوع وغروب

☆ جمعرات 14 مارچ غروب آفتاب: 6-18
☆ جمعہ 15 مارچ طلوع فجر: 4-56
☆ جمعہ 15 مارچ طلوع آفتاب: 6-17

**مسلم لیگ، پیپلز پارٹی اور موجودہ حکومت کے منشور میں کوئی فرق نہیں** گورنر سٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ آئندہ 2 برس میں ملک کا بیرونی قرضہ 38 ارب ڈالر کے موجودہ حجم سے کم ہو کر 32 یا 33 ارب ڈالر پر آ جائے گا۔ اس سلسلہ میں حکومت کوششیں کر رہی ہے۔ لاہور ایوان صنعت و تجارت میں تاجروں اور صنعتکاروں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سٹیٹ بینک نے مزید کہا کہ اقتصادی پالیسیوں کے لحاظ سے پیپلز پارٹی، مسلم لیگ اور موجودہ حکومت کے منشور میں کوئی فرق نہیں ہے کیونکہ یہ سب پرائیویٹائزیشن، ڈی ریگولیشن اور لبرلائزیشن کی پالیسیاں بناتے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا اچھی کاغذی پالیسیوں کا ملک کو کوئی فائدہ نہیں ہوتا بلکہ ان پر نیک نیتی سے عملدرآمد بھی ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا موجودہ حکومت کے اقتدار سنبھالنے کے وقت ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر 40-50 کروڑ ڈالر تھے جو اب بڑھ کر 5 ارب 10 کروڑ ڈالر ہو گئے ہیں اور امید ہے کہ جون کے آخر یہ حجم 6 ارب ڈالر ہو جائے گا۔

**صدر مشرف ٹوکیو پہنچ گئے** صدر جنرل مشرف نے جاپان کا تین روزہ سرکاری دورہ شروع کر دیا ہے۔ پاکستان اور جاپان کے سفارتی روابط کے قیام کی گولڈن جوبلی کے موقع پر ہونے والے اس دورہ میں وزیر خارجہ، وزیر خزانہ، وزیر تجارت اور دوسرے سینئر افسران شامل ہیں۔ صدر نے جاپان کی بڑی بڑی کارپوریشنوں کے سربراہوں اور اعلیٰ انتظامی افسروں سے ملاقاتیں کیں۔ وہ ممتاز جاپانی تاجروں، اقتصادی اور تجارتی اداروں کے نمائندوں، جاپان کی ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ، حزب اختلاف کے قائد اور حکمران جماعتوں کے جنرل سیکرٹریوں سے بھی ملے۔ انہوں نے جاپانی وزیراعظم جون شیروکوزومی سے دوطرفہ تعلقات، تجارتی روابط کے فروغ، مقبوضہ کشمیر اور افغانستان کے خصوصی حوالے سے علاقہ کی صورتحال پر باضابطہ مذاکرات کئے۔

**اسلامی اصولوں کے عین مطابق پالیسیاں بنا رہے ہیں** گورنر پنجاب نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے عام آدمی کو بنیادی ضروریات زندگی مہیا کرنے کے لئے نئے نظام کو متعارف کرایا ہے۔ جس سے عوام کے مسائل حل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں نے اپنی حکومتوں میں عوام کی خدمت کی بجائے اپنے آپ کو مستحکم کیا تھا۔ وہ دورہ ڈیرہ غازی خان کے موقع پر سرکٹ ہاؤس میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا ہم دہشت گردی کے خاتمہ کے لئے خصوصی انتظامات کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں فرقہ واریت کی لعنت سے نکل کر ملک کا سچا خیر خواہ بننا ہوگا۔ انہوں نے کہا ہم اسلام کے اصولوں کے عین مطابق پالیسیاں بنا رہے ہیں ان پالیسیوں سے ملک میں امن کا پرچار ہوگا۔ انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ صحیح معنوں میں ملک کے خیر خواہ بن جائیں تاکہ ملک ترقی کر سکے۔

**کراچی میں ہنگامے** شاہ فیصل کالونی میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے سابق کونسلر اور جعفریہ الائنس کراچی کے صدر کی ہلاکت پر زبردست ہنگامہ آرائی ہوئی۔ اور کشیدگی پھیل گئی۔ مشتعل افراد نے سڑکوں پر نکل کر پتھراؤ کیا اور ٹائر جلائے۔ مشتعل ہجوم نے حبیب بینک اور الائیڈ بینک کی برانچوں کو نقصان پہنچایا۔ اس کے علاوہ چھ ہوٹلوں پر بھی حملہ کر کے توڑ پھوڑ کی اور گاڑیاں نذر آتش کیں۔

**انتخابات اکتوبر میں ہی ہونگے** وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر ملک کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور اس مسئلے نے پوری قوم کے وسائل اور ذہنوں کو جکڑ رکھا ہے تاہم اس مسئلے کی سب سے بڑی ذمہ داری بھارت پر عائد ہوتی ہے۔ جو اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل نہیں کر رہا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اطلاعات کے بارے میں جو بھی پالیسی بنائے گی اس میں صحافیوں سے مشورہ لیا جائے گا۔ اخبارات سے کوئی خبر خفیہ نہیں رکھی جائے گی۔ انہوں نے اس خبر کی تردید کی کہ حکومت اپنا کوئی اخبار شروع کر رہی ہے۔ انتخابات کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ یہ اکتوبر میں ہی ہو رہے ہیں۔ تاہم بعض سیاستدان اس بارے میں شکوک و شبہات پھیلا رہے ہیں۔

**پاکستان نے بیرونی قرضے چکانے شروع کر دیئے** سٹیٹ بینک کے گورنر نے کہا ہے کہ قرضوں کے حصول کے قواعد پر نظرثانی کی جا رہی ہے۔ مائیکرو کریڈٹ کے لئے شرائط کو آسان بنایا جائیگا۔ اور چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں کے لئے زیادہ دستاویزات کی ضرورت نہیں ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر 5۔ارب 10 کروڑ ڈالر ہو گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تاریخ میں پہلی بار پاکستان نے بیرونی قرضے چکانے شروع کر دیئے ہیں اور امید ہے کہ 2004ء تک تمام مختصر مدتی تجارتی قرضے چکا دے گا۔

**ملک میں تین ہزار سے زائد این جی اوز کام کر رہی ہیں** نیشنل کونسل آف سوشل ویلفیئر، وزارت بہبود خواتین، اور سپیشل ایجوکیشن کی تیار کردہ رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں تین ہزار سے زائد این جی اوز کام کر رہی ہیں۔ این سی ایس ڈبلیو کے ریکارڈ کے مطابق یہ این جی اوز ٹرسٹ ایکٹ 1882ء سوسائٹیز ایکٹ 1860ء اور کوآپریٹو سوسائٹی ایکٹ 1925ء کے تحت رجسٹرڈ ہوئی ہیں۔

**مذہب کے نام پر دہشت گردی** گورنر پنجاب نے کہا ہے کہ مذہب کے نام پر دہشت گردی کرنے والوں پر پاکستان کی زمین تنگ کر دی جائے گی اور معاشرے کو دہشت گردوں سے پاک کر کے ملک کو صحیح معنوں میں امن کا گہوارہ بنا دیا جائے گا۔ ہم نے پولیس کو احکامات دیئے ہیں کہ وہ امن خراب کرنے والوں سے سختی سے نمٹے اور شر پسند عناصر کی تمام کوششوں کو ناکام بنا دے۔

**تربیلا میں پانی کی کمی** تربیلا ڈیم میں پانی کے ذخائر میں کمی کے باعث محکمہ آبپاشی نے پنجاب کے لئے نکلنے والی نہریں بند کر دی ہیں اور پنجاب کے لئے نکلنے والی باقی نہروں میں پانی کی فراہمی کی تعداد کم کر دی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق اب یہ نہریں کپاس کی فصلوں کے وقت دوبارہ کھولی جائیں گی۔ تاہم منگلا ڈیم سے نکلنے والی نہروں کو چند دن اور پانی مہیا کیا جائے گا۔ تاہم پانی کی سپلائی شیڈیول کے مطابق کم کی جائے گی۔

---

### ربوہ میں بجلی رہے گی

مورخہ 15 سے 18 مارچ تک صبح 7 بجے تا شام 7 بجے ربوہ میں بجلی رہے گی۔

(محکمہ واپڈا ربوہ)


## مکان برائے فروخت

مکان نمبر 27/6 دارالنصر غربی ربوہ پکی سڑک پر رقبہ دس مرلہ۔ پانی، بجلی اور گیس کی سہولت موجود ہے

برائے رابطہ: احمد سعید مکان نمبر 189/J-III واپڈا ٹاؤن لاہور فون نمبر 5184589

خالد بلال احمد مکان نمبر 16/6 دارالصدر شمالی ربوہ

## سالانہ امتحانات شروع ہونے والے ہیں

اس لئے خوب تیاری کریں اور اگر۔ **رفیق دماغ** کا استعمال ساتھ جاری رہے تو رزلٹ اللہ کے فضل کے ساتھ توقع کے مطابق ہوگا۔ بچوں اور بڑوں کے لئے یکساں مفید ہے

**رفیق دماغ**۔ کمزور ذہن کے بچوں کو ضرور استعمال کرائیں

قیمت فی ڈبی ۔/25 روپے کورس 3 ڈبیاں۔

تیار کردہ: **ناصر دواخانہ** (رجسٹرڈ) گول بازار ربوہ

☎ 04524-212434 Fax:213966

## مکان و کار برائے فوری فروخت

1۔ دس مرلے، 5 کمرے، بجلی، لال پمپ، میٹھے پانی اور خوشگوار ماحول پر مشتمل مکان نصیر آباد میں ارزاں قیمت پر

2۔ ایک مکان احمد نگر کے وسط میں۔

3۔ ڈیزل کار۔ رابطہ فون: 212218 ربوہ

## روزمرہ استعمال کی کیوریٹو ادویات

| | | |
|---|---|---|
| Baby Tonic | Rs.20/- | بچوں کی کمزوری، دانت نکالنے کی تکالیف کیلئے ایک بہترین ٹانک ہے |
| Fever Cure Tab | Rs.20/- | ہر قسم کے بخار، ملیریا یا ٹائیفائیڈ کے لئے |
| Digestin Tab | Rs.20/- | بدہضمی، کھٹے ڈکار پیٹ درد اور کمی بھوک کیلئے مفید ہے |
| Brain Tonic | Rs.20/- | دماغی تھکاوٹ اور حافظے کی کمزوری کیلئے |
| Curine Tab | Rs.20/- | سردی لگنا، کھانسی، بخار، نمونیہ، سردرد کان درد وغیرہ کیلئے مفید ہے۔ |
| Special Tonic | Rs.20/- | ہر قسم کی کمزوری، کمی خون، چہرہ کی زردی چکر وغیرہ کیلئے |
| Curative Vaseline | Rs.25/- | چہرہ کے کیل، چھائیاں اور داغ دھبوں کیلئے مفید ہے۔ |
| Arnica Hair Oil | Rs.40/- | سکری کو ختم کرتا ہے اور گرتے بالوں کو روکتا ہے۔ |
| Curative Smell Purse | Rs.150/- | انجیکشن کی طرح تیز اثر، سات سمیلز ہیں جو روزمرہ پیدا ہونے والی شدید تکالیف کو روکتی ہیں۔ |

نیز بچوں کی امراض، مردانہ، زنانہ امراض، حیوانات اور پولٹری کی ادویات بھی دستیاب ہیں لٹریچر مفت طلب فرمائیں

**کیوریٹو میڈیسن کمپنی انٹرنیشنل** گول بازار ربوہ فون 213156، کلینک 771، سیل آفس 419


روزنامہ الفضل رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل۔ 61